# DIRECTORATE OF EDUCATION, GNCT OF DELHI-54
# PRACTICE PAPER

MID TERM EXAMINATION (2022-23)

CLASS-X

SUBJECT-URDU-A (003)

TIME:3 Hrs. M.M.:80

---

**عام ہدایات:**

i. اس سوال نامے میں کل 14 سوالات ہیں۔

ii. سبھی سوالات لازمی ہیں۔

iii. ہر سوال کا نمبر اس کے سامنے درج ہے۔

iv. جواب تحریر کرتے وقت صفائی اور خوش خط کا خاص خیال رکھیں۔

**1- درج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔** 1x5=5

کبیر کی پیدائش اُتّر پردیش کے ایک چھوٹے سے گاؤں مگہر میں ہوئی۔ وہ ایک مسلمان بُنکر کے گھر میں پلے بڑھے۔ پڑھنا لکھنا نہیں سیکھ سکے لیکن بے حد سمجھ دار آدمی تھے۔ وہ سوامی رامانند اور صوفی شیخ تقی سے بڑی عقیدت رکھتے تھے۔

کبیر انسانیت اور بھلائی کے شاعر تھے۔ وہ سارے انسانوں کو خدا کا کُنبہ مانتے تھے۔ مذہبوں کی ایکتا میں یقین رکھتے تھے اور ساری دنیا کے لیے خیر کی دعائیں مانگتے تھے۔ ذات پات کی تفریق، غلط رسم و رواج اور توہم پرستی کے مخالف تھے۔

'بیجک' ان کی شاعری کا مجموعہ ہے جس کے تین حصّے 'رمینی'، 'سبد' اور 'ساکھی' ناموں سے مشہور ہیں۔ ان کی شاعری اودھی، بھوج پوری، برج اور کھڑی بولی سے ملی جلی عام فہم زبان میں ہے۔ اُن کی بات دل سے نکلتی اور دلوں پر اثر کرتی ہے۔ ان کا کلام اردو اور ہندی دونوں زبانوں میں مقبول ہے۔ ان کے کئی دوہے ضرب المثل کی حیثیت اختیار کر چکے ہیں۔ کبیر نے کافی لمبی عمر پائی۔

i کبیر کہاں پیدا ہوئے؟

A لکھنؤ

B کانپور

C بھوج پور

D مگہر

ii کبیر کے شعری مجموعے کا نام کیا ہے؟

A بیجک

B گل نغمہ

C آتش گل

D شعلہ و شبنم

iii کبیر سارے انسانوں کو کیا مانتے تھے؟

A امیر

B خدا کا کنبہ

C تعلیم یافتہ

D غریب

iv کس صوفی سے کبیر بڑی عقیدت رکھتے تھے؟

A شیخ متقی

B شیخ تقی

C شیخ ابراہیم

D شیخ عبداللہ

v کون غلط رسم و رواج اور توہم پرستی کے مخالف تھے؟

A میر تقی

B شیخ تقی

C شیخ ابراہیم

D کبیر

**2-درج ذیل غیر درسی شعری حصّے کو پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔** 1x5=5

خون اپنا ہو یا پرایا ہو — نسلِ آدم کا خون ہے آخر
جنگ مشرق میں ہو کہ مغرب میں — امنِ عالم کا خون ہے آخر

بم گھروں پر گریں کہ سرحد پر — روحِ تعمیر زخم کھاتی ہے
کھیت اپنے جلیں کہ غیروں کے — زیست فاقوں سے تِلملاتی ہے

ٹینک آگے بڑھیں کہ پیچھے ہٹیں — کوکھ دھرتی کی بانجھ ہوتی ہے
فتح کا جشن ہو کہ ہار کا سوگ — زندگی میّتوں پہ روتی ہے

i جنگ کہیں بھی ہو دراصل کس کا خون ہوتا ہے؟

A تخریب کا

B امنِ عالم کا

C جانوروں کا

D غریبوں کا

ii بموں کے گرنے سے کس کی روح زخم کھاتی ہے؟

A روح تخریب

B روح تعلیم

C روح تعمیر

D روح پرواز

iii ٹینکوں کے آگے اور پیچھے ہونے سے کس کی کوکھ بانجھ ہوتی ہے؟

A دھرتی کی

B دریا کی

C پہاڑ کی

D سمندر کی

iv خون کسی کا بھی ہو دراصل کس کا خون ہوتا ہے؟

A جانوروں کا

B پرندوں کا

C نسل آدم کا

D غریبوں کا

v زیست سے کیا مراد ہے؟

A موت

B انسان

C مچھلی

D زندگی

**3-درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر دو سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔** 8

i۔ گلوبل وارمنگ ایک خطرہ

ii۔ جدید ٹیکنالوجی کی اہمیت

**4-اپنے دوست کو خط لکھ کر اپنی تعلیمی سرگرمیوں کے بارے میں تفصیل سے بتائیے۔** 4

**یا**

اپنے اسکول کی لائبریری میں اردو رسالے کی دستیابی کے لیے پرنسپل کے نام درخواست لکھیے۔

**5- دی ہوئی ہدایات کے مطابق سبھی سولوں کے جواب دیجیے:** 1x12=12

i 'اسد نے اپنی باتوں سب کو ہنسا دیا' یہ جملہ کس فعل کی مثال ہے؟

A فعل مرکب

B فعل لازم

C فعل متعدی

D فعل ناقص

ii 'ششدر' کا کیا مطلب ہے؟

A حیران

B خوش

C دشمن

D خاموش

iii 'باہر دھوپ ہے' یہ جملہ کس فعل کی مثال ہے؟

A فعل مرکب

B فعل لازم

C فعل متعدی

D فعل ناقص

iv وہ خاص علامتیں جو عبارت کو صحیح طور پر پڑھنے کے لیے ضروری ہوتی ہیں، انھیں۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

A اسم

B ضمیر

C رموزِ اوقاف

D تشبیہ

v رابطہ کی علامت کی نشاندہی کیجیے۔

A (؟)

B (،)

C (:)

D (۔)

vi ایک شعر میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

A دو

B چار

C تین

D ایک

vii دنیا میری بلا جانے، مہنگی ہے یا سستی ہے
موت ملے تو مفت نہ لوں، ہستی کی کیا ہستی ہے
اس شعر میں قافیہ کی نشاندہی کیجیے۔
A ہے
B ہستی
C موت
D دنیا

viii ہے دل میں تڑپتے جی بھر کر پر ضعف نے مشکیں کس دی ہیں
ہو بند اور آتش پر ہو چڑھا سیماب بھی وہ سیماب ہیں ہم
اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟
A تضاد
B تلمیح
C کنایہ
D تشبیہ

ix 'جلوۂ دربار دہلی' کس کی نظم ہے؟
A مرزا رفیع سوداؔ
B الطاف حسین حالیؔ
C اکبرؔ الہ آبادی
D جوشؔ ملیح آبادی

x 'فقیر' کس کا افسانہ ہے؟
A پریم چند
B راجندر سنگھ بیدی
C عظیم بیگ چغتائی
D کرشن چندر

xi 'بدن پر نہیں لتّا پان کھائیں البتّہ' کا کیا مطلب ہے؟
A غربت کا اظہار کرنا
B تکبر کا اظہار کرنا
C غربت میں امیرانہ ٹھاٹھ
D امیری میں غربت کا اظہار

xii 'استاد نے انعامات تقسیم کیے' یہ جملہ کس فعل کی مثال ہے؟

A فعل مرکب

B فعل مجہول

C فعل معروف

D فعل ناقص

6- درج ذیل درسی نثری اقتباس کو پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ 1x5=5

گرمی اور برسات کے موسم میں اب بھی دلّی کے اکثر باشندے سہ پہر کو جمنا پر جا کر پانی کی سیر دیکھتے ہیں اور تیرنے والے تیرتے ہیں، مگر پچاس برس پہلے وہاں اشراف تیرنے والوں کے بہت دلچسپ جلسے ہوتے تھے۔ سرسیّد کہتے تھے کہ ''میں نے اور بڑے بھائی نے اپنے والد سے تیرنا سیکھا تھا۔ ایک زمانہ تو وہ تھا کہ ایک طرف دلّی کے مشہور تیراک مولوی علیم اللہ کا غول ہوتا تھا جن میں مرزا مغل اور مرزا طفل بہت سر برآوردہ نامی تھے۔ اور دوسری طرف ہمارے والد کے ساتھ سوسوا سو شاگردوں کا گروہ ہوتا تھا۔ یہ سب ایک ساتھ دریا میں کودتے تھے اور مجنوں کے ٹیلے سے شیخ محمد کی بائیں تک یہ سارا گروہ تیرتا جاتا تھا۔ پھر جب ہم دونوں بھائی تیرنا سیکھتے تھے تو اس زمانے میں بھی تیس چالیس آدمی والد کے ساتھ ہوتے تھے۔

i. سرسید نے تیرنا کس سے سیکھا تھا؟

A بھائی سے

B والد سے

C دادا سے

D نانا سے

ii. گرمی اور برسات کے موسم میں دلی کے اکثر باشندے جمنا پر کس کی سیر دیکھتے ہیں؟

A جانوروں کی

B پانی کی

C پھولوں کی

D کھلاڑیوں کی

iii. دلی کے مشہور تیراک کا کیا نام تھا؟

A مولوی علیم اللہ

B مولوی غلام حسین

C شیخ محمد خاں

D نواب اکبر خاں

iv. سرسید کے والد کے ساتھ کتنے شاگردوں کا غول ہوتا تھا؟

A سو سوا سو

B سو دو سو

C دو تین سو

D تین چار سو

v. تیرنے والوں کا سارا گروہ کہاں تک تیرتا تھا؟

A شیخ محمد کے دائیں تک

B مجنوں کے ٹیلے کے بائیں تک

C شیخ محمد کے بائیں تک

D مجنوں کے ٹیلے کے دائیں تک

**7-درج ذیل درسی شعری حصّے کو پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔** 1x5=5

لائی حیات، آئے، قضا لے چلی، چلے
اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے
بہتر تو ہے یہی کہ نہ دنیا سے دل لگے
پر کیا کریں جو کام نہ بے دل لگی چلے
کم ہوں گے اس بساط پہ ہم جیسے بد قمار
جو چال ہم چلے سو نہایت بری چلے
ہو عمر خضر بھی تو کہیں گے بوقت مرگ
ہم کیا رہے یہاں، ابھی آئے ابھی چلے
نازاں نہ ہو خرد پہ جو ہونا ہے، ہو وہی
دانش تری، نہ کچھ مری دانشوری چلے

i. اس غزل میں شاعر نے کس کام کو بہتر بتایا ہے؟

A دنیا سے دل لگانے کو

B امیروں کی مدد کرنے کو

C دنیا سے دل نہ لگانے کو

D امیروں کی مدد نہ کرنے کو

ii. شاعر نے کس پر ناز نہ کرنے کی نصیحت کی ہے؟

A دولت پر

B شہرت پر

C خرد پر

D عمر خضر پر

iii. دنیا میں کس کی دانشوری چلتی ہے؟

A شعرا کی

B بادشاہوں کی

C وکیلوں کی

D کسی کی نہیں

iv. اس غزل میں شاعر نے کس کی عمر کا ذکر کیا ہے؟

A عمر خضر کا

B عمر ذوق کا

C عمر غالب کا

D عمر فانی کا

v. اس غزل میں 'قضا' سے کیا مراد ہے؟

A زندگی

B حیات

C تاخیر

D موت

**8-درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** 4

i. عورتوں کے حقوق

ii. بھولا

9-'گرمی اور دیہاتی بازار' نظم کا مرکزی خیال لکھیے۔ 3

**یا**

فانؔی بدایونی کی حالاتِ زندگی پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

**10-نیچے لکھے ہوئے لفظوں کی مدد سے مصرعے مکمل کیجیے۔** 1x4=4

کوہسار خروش مارتا نہار

i. مجھے تو دیکھ کے جوش و__________________ سودا کا

ii. اسی ہی فکر میں لیل و________________ گزرے ہے

iii. یہ آدمی ہے کہ سر______________ پھرے ہے بہ سنگ

iv. کہ موج تند سرِ________________ گزرے ہے

**11-دی ہوئی ہدایات کے مطابق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے:**

i۔ درج ذیل محاوروں میں سے صرف دو کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 2x2=4

نام روشن کرنا آنکھوں پر پردہ پڑ جانا آنکھوں میں خار لگنا

ii۔ کنایہ کی تعریف لکھیے۔ 2

iii۔ وہ لفظ جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر ہو اسے ۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔ (فعل، ضمیر، استعارہ) 2

iv۔ وہ فعل جس میں کسی کام کا کرنا یا ہونا مکمل طور پر واضح نہ ہو اسے ۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔ (فعل مجہول، فعل ناقص، فعل مرکب) 2

v۔ عام طور پر اشعار میں قافیہ کے بعد جو لفظ یا الفاظ دہرائے جاتے ہیں انھیں ۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں؟ (قافیہ، مطلع، ردیف) 2

**12- درج ذیل شعری اسباق کے سوالوں کے جواب لکھیے۔** **2x2=4**

i. 'خیموں کا ایک جنگل دیکھا' اس مصرعے میں شاعر نے کس منظر کی عکاسی کی ہے؟

ii. درج ذیل شعر کی وضاحت کیجیے۔

لاکھوں ہی مسافر چلتے ہیں، منزل پہ پہنچتے ہیں دو ایک
اے اہل زمانہ قدر کرو، نایاب نہیں کم یاب ہیں ہم

**13- درج ذیل نثری اسباق کے سوالوں کے جواب لکھیے۔** **2x3=6**

i. بھولا کہاں چلا گیا تھا اور کیوں؟

ii. مخلوط زبان سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کیجیے۔

iii. اگر آپ گیا کی جگہ ہوتے تو آپ کا رویہ کیسا ہوتا؟

**14- درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے۔** **3**

سوانح نظم